# اتوار 29 دسمبر، 2024

# مضمون۔ کرسچن سائنس

## سنہری متن: میکاہ 5 باب 2 آیت

---

""لیکن اے بیت الحم افراتاہ اگرچہ تُو یہوداہ کے ہزاروں میں شامل ہونے کے لئے چھوٹا ہے تو بھی تجھ میں سے ایک شخص نکلے گا اور میرے حضور اسرائیل کا حاکم ہوگا اور اُس کا مصدر زمانہ سابق ہاں قدیم الایام سے ہے۔""

---

جوابی مطالعہ: **میکاہ 5 باب 4 آیت**

**یسعیاہ 9 باب 6، 7 آیات**

**یسعیاہ 40 باب 4، 5 آیات**

5۔ اور وہ کھڑا ہوگا اور خداوند کی قدرت سے اور خداوند اپنے خدا کے نام کی بزرگی سے گلہ بانی کرے گا اور وہ قائم رہیں گے کیونکہ وہ اُس وقت انتہائے زمین تک بزرگ ہوگا۔

6۔ اس لئے ہمارے لئے ایک لڑکا تولد ہوا اور ہم کو ایک بیٹا بخشا گیا اور سلطنت اُس کے کندھے پر ہوگی اور اُس کا نام عجیب مشیر خدائے قادر ابدیت کا باپ سلامتی کا شہزادہ ہوگا۔

7۔ اُس کی سلطنت کے اقبال اور سلامتی کی انتہا نہ ہوگی۔ وہ داؤد کے تخت اور اُس کی مملکت پر آج سے ابد تک حکمران رہے گا اور عدالت اور صداقت سے اُسے قیام بخشے گا رب الافواج کی غیوری یہ کرے گی۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ""سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ""میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

4۔ ہر ایک نشیب اونچا کیا جائے گا اور ہر ایک ٹیڑھی چیز سیدھی اور ہر ایک ناہموار جگہ ہموار کی جائے گی۔

5۔ اور خداوند کا جلال آشکارا ہو گا اور تمام بشر اُس کو دیکھیں گے کیونکہ خداوند نے اپنے منہ سے فرمایا ہے۔

## درسی وعظ

# بائبل میں سے

### 1۔ یسعیاہ 11 باب 1تا6،9آیات

1۔ اور یسی کے تنے سے ایک کونپل نکلے گی اور اُس کی جڑوں سے ایک بار آور شاخ پیدا ہو گی۔

2۔ اور خداوند کی روح اُس پر ٹھہرے گی۔ حکمت اور خرد کی روح، مصلحت اور قدرت کی روح، معرفت اور خداوند کے خوف کی روح۔

3۔ اور اُس کی شادمانی خداوند کے خوف میں ہو گی اور وہ نہ اپنی آنکھوں کے دیکھنے کے مطابق انصاف کرے گا اور نہ اپنے کانوں کے سننے کے مطابق فیصلہ کرے گا۔

4۔ بلکہ وہ راستی سے مسکینوں کا انصاف کرے گا اور عدل سے زمین کے خاکساروں کا فیصلہ کرے گا اور اپنی زبان کے عصا سے زمین کو مارے گا اور اپنے لبوں کے دم سے شریروں کو فنا کر ڈالے گا۔

5۔ اور اُس کی کمر کا پٹکا راستبازی ہو گی اور اُس کے پہلو پر راستبازی کا پٹکا ہو گا۔

6۔ پس بھیڑیا برے کے ساتھ رہے گا اور چیتا بکری کے بچے کے ساتھ بیٹھے گا اور بچھڑا اور شیر بچہ اور پلا ہوا بیل مل جل کر رہیں گے اور ننھا بچہ اُن کی پیش روی کرے گا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

9۔ وہ میرے تمام کوہ مقدس پر نہ ضرر پہنچائیں گے نہ ہلاک کریں گے کیونکہ جس طرح سمندر پانی سے بھرا ہے اُسی طرح زمین خداوند کے عرفان سے معمور ہو گی۔

## 2۔ متی 1 باب 18 تا 25 آیات

18۔ اب یسوع مسیح کی پیدائش اِس طرح ہوئی کہ جب اُس کی ماں مریم کی منگنی یوسف سے ہوئی تو اُن کے اکٹھے ہونے سے پہلے وہ روح القدس کی قدرت سے حاملہ پائی گئی۔

19۔ پس اُس کے شوہر یوسف نے جو راستباز تھا اور اُسے بدنام کرنا نہیں چاہتا تھا اُسے چپکے سے چھوڑ دینے کا ارادہ کیا۔

20۔ وہ اِن باتوں کو سوچ ہی رہا تھا کہ خداوند کے فرشتہ نے خواب میں اُسے دکھائی دے کر کہا اے یوسف ابنِ داؤد اپنی بیوی مریم کو اپنے ہاں لے آنے سے نہ ڈر کیونکہ جو کچھ اُس کے پیٹ میں ہے وہ روح القدس کی قدرت سے ہے۔

21۔ اُس کے بیٹا ہو گا اور تُو اُس کا نام یسوع رکھنا کیونکہ وہی اپنے لوگوں کو اُن کے گناہوں سے نجات دے گا۔

22۔ یہ سب کچھ اِس لئے ہوا کہ جو کچھ خداوند نے نبی کی معرفت کہا تھا وہ پورا ہو کہ

23۔ دیکھو ایک کنواری حاملہ ہو گی اور بیٹا جنے گی اور اُس کا نام عمانوئیل رکھیں گے جس کا ترجمہ ہے خدا ہمارے ساتھ۔

24۔ پس یوسف نے نیند سے جاگ کر ویسا ہی کیا جیسا خداوند کے فرشتہ نے اُسے حکم دیا تھا اور اپنی بیوی کو اپنے ہاں لے آیا۔

25۔ اور اُس کو نہ جانا جب تک کہ اُس کے بیٹا نہ ہوا اور اُس کا نام یسوع رکھا۔

## 3۔ متی 2 باب 1 تا 11 آیات

1۔ جب یسوع ہیرودیس بادشاہ کے زمانہ میں یہودیہ کے بیت الحم میں پیدا ہوا تو دیکھو کئی مجوسی پورب سے یروشلیم میں یہ کہتے ہوئے آئے کہ

2۔ یہودیوں کا بادشاہ جو پیدا ہوا ہے وہ کہاں ہے؟ کیونکہ پورب میں اُس کا ستارہ دیکھ کر ہم اُسے سجدہ کرنے آئے ہیں۔

3۔ یہ سن کر ہیرودیس بادشاہ اور اُس کے ساتھ یروشلیم کے سب سننے والے گھبرا گئے۔

4۔ اور اُس نے قوم کے سب سرداروں اور کاہنوں اور فقیہوں کو جمع کر کے اُن سے پوچھا کہ مسیح کی پیدائش کہاں ہونی چاہیے؟

5۔ اُنہوں نے اُس سے کہا یہودیہ کے بیت الحم میں کیونکہ نبی کی معرفت یوں لکھا گیا ہے کہ

6۔ اے بیت الحم یہوداہ کے علاقے تو یہوداہ کے حاکموں میں ہر گز چھوٹا نہیں۔ کیونکہ تجھ میں سے ایک سردار نکلے گا جو میری اُمت اسرائیل کی گلہ بانی کرے گا۔

7۔ اِس پر ہیرودیس نے مجوسیوں کو چپکے سے بلا کر اُن سے تحقیق کی کہ وہ ستارہ کس وقت دکھائی دیا تھا۔

8۔ اور یہ کہہ کر اُن کو بیت الحم بھیجا کہ جا کر اُس بچے کی بابت ٹھیک ٹھیک دریافت کرو اور جب وہ ملے تو مجھے خبر دو تاکہ میں بھی آ کر اُسے سجدہ کروں۔

9۔ وہ بادشاہ کی بات سن کر روانہ ہوئے اور دیکھو جو ستارہ اُنہوں نے پورب میں دیکھا تھا وہ اُن کے آگے آگے چلا۔ یہاں تک کہ اُس جگہ کے اوپر جا کر ٹھہر گیا جہاں وہ بچہ تھا۔

10۔ وہ ستارے کو دیکھ کر نہایت خوش ہوئے۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

11۔ اور گھر میں پہنچ کر بچے کو اُس کی ماں مریم پاس دیکھا اور اُس کے آگے گر کر سجدہ کیا اور اپنے ڈبے کھول کر سونا اور لبان اور مر اُس کو نذر کیا۔

## 4۔ لوقا 2 باب 40 تا 49، 52 آیات

40۔ اور وہ لڑکا بڑھتا اور قوت پاتا گیا اور حکمت سے معمور ہوتا گیا اور خدا کا فضل اُس پر تھا۔

41۔ اُس کے ماں باپ ہر برس عیدِ فسح کو یروشلیم جایا کرتے تھے۔

42۔ اور جب وہ بارہ برس کا ہوا تو وہ عید کے دستور کے موافق یروشلیم کو گئے۔

43۔ جب وہ اُن دنوں کو پورا کر کے لوٹے تو وہ لڑکا یسوع یروشلیم میں رہ گیا اور اُس کے ماں باپ کو خبر نہ ہوئی۔

44۔ مگر یہ سمجھ کر کہ وہ قافلہ میں ہے ایک منزل نکل گئے اور اُسے اپنے رشتہ داروں اور جان پہچان والوں میں ڈھونڈنے لگے۔

45۔ جب نہ ملا تو اُسے ڈھونڈتے ہوئے یروشلیم تک واپس آگئے۔

46۔ اور تین روز کے بعد ایسا ہوا کہ اُنہوں نے اُسے ہیکل میں اُستادوں کے بیچ میں بیٹھے اُن کی سُنتے اور اُن سے سوال کرتے ہوئے پایا۔

47۔ اور جتنے اُس کی سن رہے تھے اُس کی سمجھ اور اُس کے جوابوں سے دنگ تھے۔

48۔ وہ اُسے دیکھ کر حیران ہوئے اور اُس کی ماں نے اُسے کہا! تُو نے کیوں ہم سے ایسا کیا؟ دیکھ تیرا باپ اور میں کڑھتے ہوئے تجھے ڈھونڈتے تھے۔

49۔ اُس نے اُن سے کہا تم مجھے کیوں ڈھونڈتے تھے؟ کیا تم کو معلوم نہ تھا کہ مجھے اپنے باپ کے ہاں ہونا ضرور ہے۔

52۔ اور یسوع حکمت اور قد و قامت میں اور خدا کی اور انسان کی مقبولیت میں ترقی کرتا گیا۔

## سائنس اور صحت

### 1۔ 26-1:7

اُن کے لئے جو برقرار رہنے والے لا متناہی پر جھکاؤ رکھتے ہیں، آج بہت بڑی برکات ہیں۔ قبل ازیں کہ جی اٹھنے کے دن کی مکمل روشنی چمکے، بیدار چرواہا فجر کی پہلی دھیمی شعائیں دیکھتا ہے۔ پس نبی چرواہوں کے لئے زرد ستارہ چمکا؛ تاہم اِس نے رات عبور کی، اور وہاں پہنچا جہاں، گمنام چرنی میں، بیت الحم کا بچہ پڑا ہے، مسیح، سچائی کے انسانی قاصد جو تاریک سمجھ والوں کو یسوع مسیح کے وسیلہ نجات کی راہ واضح کرتے ہیں، جب تک کہ غلطی کی رات کے سویرے میں فجر کی شعائیں نہیں نکلتیں اور ہستی کا راہنما ستارہ روشن نہیں ہوتا۔ مجوسیوں کو اِس الٰہی سائنس کے ستارے کو دیکھنے اور اِس کے پیچھے چلنے کی ہدایت دی گئی جو ابدی ہم آہنگی کی راہ پر چمکا۔

سوچنے والوں کے لئے وقت آ پہنچا ہے۔ سچائی، آزادیِ عقائد اور نظامِ احترامیِ وقت، انسانیت کے آستانے پر دستک دیتے ہیں۔ ماضی کی قناعت اور مادہ پرستی کی سرد تقلید اختتام پذیر ہو رہی ہے۔ خدا سے لاعلمی مزید ایمان کے راستے کا پتھر نہیں رہا۔ وفاداری کی واحد ضمانت اُس ہستی سے متعلق درست فہم ہے جسے بہتر طور پر جاننا ہی ابدی زندگی ہے۔ اگرچہ سلطنتیں نیست ہو جاتی ہیں، مگر ”خداوند ابد الا باد سلطنت کرے گا۔“

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

ایک کتاب نئے خیالات کو جنم دیتی ہے، مگر یہ اُنہیں فوری سمجھنے میں مدد نہیں دے سکتی۔ یہ ایک سخت جان سپاہی کا کام ہے کہ وہ ایک لمبے انجیر کو کاٹے اور خام پتھر کو تراشے۔ مستقبل کے ادوار کو یہ لازماً واضح کرنا چاہئے کہ سر خیل نے کیا حاصل کیا ہے۔

## 2۔ 21-9:11

کرسچن سائنس کی جسمانی شفا الٰہی اصول کے کام سے اب، یسوع کے زمانے کی طرح، سامنے آتی ہے، جس سے قبل گناہ اور بیماری انسانی ضمیر میں اپنی حقیقت کھو دیتے ہیں اور ایسے فطری اور ایسے لازمی طور پر غائب ہو جاتے ہیں جیسے تاریکی روشنی کو اور گناہ درستگی کو جگہ دیتے ہیں۔ اُس وقت کی طرح، اب بھی یہ قادر کام مافوق الفطرتی نہیں بلکہ انتہائی فطرتی ہیں۔ یہ اعمانوئیل، یا "خدا ہمارے ساتھ ہے" کا نشان ہیں، ایک الٰہی اثر جو انسانی شعور میں ہمیشہ سے موجود ہے اور خود کو دوہراتے ہوئے، ابھی آرہا ہے جیسے کہ ماضی میں اس کا وعدہ کیا گیا تھا کہ،

(شعور کے) قیدیوں کو رہائی
اور اندھوں کو بینائی پانے کی خبر پانے کے لئے
اور کچلے ہوؤں کو آزاد کرنے کے لئے

## 3۔ 2-(یسوع)23:332

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

یسوع ایک کنواری کا بیٹا تھا۔ اُسے خدا کا کلام سنانے کے لئے اور ایک ایسی انسانی شکل میں بشر پر ظاہر ہونے کے لئے مقرر کیا گیا تھا جسے وہ سمجھ سکتے اور ساتھ ہی ساتھ اس کا ادراک پا سکیں۔ مریم کا اُسے حمل میں لینا روحانی تھا، کیونکہ صرف پاکیزگی ہی سچائی اور محبت کو منعکس کر سکتی ہے، جو واضح طور پر نیک اور پاک مسیح یسوع میں مجسم ہوتی ہے۔ اُس نے الوہیت کی اعلیٰ قسم ظاہر کی، جسے ایک جسمانی شکل ہی اُس دور میں ظاہر کر سکتی تھی۔ ایک حقیقی اور مثالی انسان میں جسمانی عنصر داخل نہیں ہو سکتا۔ تاہم یہ مسیح ہی ہے جو اپنی صورت پر بنائے گئے انسان اور خدا کے مابین اتفاق یا روحانی معاہدے کو بیان کرتا ہے۔

## 4۔ 333:16(آمد)۔23

یسوع ناصری کی آمد مسیحی دور کی پہلی صدی کا احاطہ کرتی ہے، لیکن مسیح ابتدائی برسوں یا آخری ایام کی قید سے مبرا ہے۔ مسیحی دور سے پیشتر اور بعد ازاں نسل در نسل مسیح بطور روحانی خیال، بطور خدا کے سایہ، اُن لوگوں کے لئے کچھ خاص طاقت اور فضل کے ساتھ آیا جو مسیح، یعنی سچائی کو حاصل کرنے کے لئے تیار تھے۔

## 5۔ 147:24۔29

ہمارے مالک نے بیمار کو شفا دی، مسیحی شفا کی مشق کی، اور اپنے طالب علموں کو اِس کے الٰہی اصول کی عمومیات سکھائیں؛ مگر اُس نے شفا کے اِس اصول کو ظاہر کرنے اور بیماری سے محفوظ رہنے کے لئے کوئی حتمی اصول وضع نہیں کیا۔ کرسچن سائنس میں یہ اصول دریافت کرنے کے لئے رکھا گیا ہے۔

## 6۔ 147:6۔13

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ''، میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

اُنیسویں صدی کے اواخر میں میں نے کرسچن سائنس کے الٰہی قوانین پیش کئے تھے۔ اُنہیں ایک وسیع عملی آزمائش میں پرکھا گیا تھا، اور ہر جگہ، جب ایمانداری سے اُن حالات میں لاگو کیا گیا جہاں اِن کا اظہار انسانی طور پر ممکن تھا، تو اِس سائنس نے دکھایا کہ حق نے اپنی الٰہی اور شفائیہ افادیت میں سے کسی ایک کو بھی نہ کھایا تھا، حتیٰ کہ اِس بات کو صدیاں بیت گئی ہیں جب یسوع نے اِن قوانین کو یہوداہ کی پہاڑی پر اور گلیل کی وادی میں استعمال کیا تھا۔

## 7۔ 107:7۔14

یہ صریحی اصول اعمانوئیل، ''خدا ہمارے ساتھ ہے''، ازلی حاکم، کے مکاشفہ کی طرف اشارہ کرتا ہے، ابنِ آدم کو ہر اُس بیماری سے آزاد کرتے ہوئے 'جو بدن کی میراث ہے''۔ کرسچن سائنس کے وسیلہ، مذہب اور دوا الٰہی فطرت اور جوہر کے ساتھ الہامی بنائے جاتے ہیں، ایمان اور فہم کو تازہ پنکھ دیئے جاتے ہیں، اور خیالات عقلمندانہ طور پر خود کو خدا کے ساتھ منسلک کرتے ہیں۔

## 8۔ 108:19۔26(تا:)30۔6

جب ظاہری طور پر مادی وجودیت کی حدود کے قریب، موت کی وادی کے سایہ میں پہلے سے کھڑے ہوتے ہوئے، میں نے الٰہی سائنس میں یہ حقائق سیکھے ہیں: کہ سبھی حقیقی اشخاص خدا، الٰہی عقل، میں ہیں، اور کہ زندگی، سچائی اور محبت قادرِ مطلق اور ازلی ہیں؛ کہ سچائی کا مخالف، جسے غلطی، گناہ، بیماری، مرض، موت کہا جاتا ہے، مادی سوچ کے جھوٹے مادی فہم کی جھوٹی گواہی ہے

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

میری اِس دریافت نے، کہ سر گرداں، فانی، اور غلط نام سے پکاری جانے والی عقل جسم کی ساری حیاتیات اور کام کو جنم دیتی ہے، میری سوچ کو نئے راستوں پر کام کرنے پر لگا دیا، اور میری اِس تجویز کے اظہار کو راہنمائی دی کہ عقل کی سائنس میں عقل ہی سب کچھ اور مادہ لاشے ہونے کا ایک بنیادی عنصر ہے۔

کرسچن سائنس غیر متنازعہ طور پر یہ ظاہر کرتی ہے کہ عقل ہی سب کچھ ہے، کہ واحد حقائق الٰہی عقل اور خیال ہیں۔

## 9۔ 109: 11-27

میری تین سالہ دریافت کے بعد، میں نے عقلی شفا سے متعلق مسئلے کا حل تلاش کیا، آیات کو تلاش کیا اور تھوڑا بہت کچھ اور مطالعہ کیا، معاشرے سے دوری اختیار کی، اور ایک مثبت اصول کی دریافت کے لئے اپنا وقت اور توانائی وقف کی۔ یہ تلاش شیریں، پر سکون، امید کے ساتھ خوش کن تھی، نہ کہ خود غرض اور نہ ہی افسردہ تھی۔۔۔۔ میں خدا کو بطور عقل کے ہم آہنگ عمل کے اصول جانتا تھا، اور یہ کہ ابتدائی مسیحی شفا میں علاج پاک، بلند ایمان کے وسیلہ پیدا ہو رہے تھے؛ مگر مجھے اِس شفا کی سائنس لازمی جاننا تھی، اور میں الٰہی مکاشفہ، وجہ اور اظہار کی بدولت اپنی راہ کی قطعی منازل پر پہنچا۔ میرے ادراک میں سچائی کا انکشاف آہستہ آہستہ اور بظاہر الٰہی طاقت کے ذریعے آیا۔ جب ایک نیا روحانی خیال زمین پر برپا ہوتا ہے، تو یسعیاہ کا الہامی کلام نئے سرے سے پورا ہوتا ہے: ''ہم کو ایک بیٹا بخشا گیا۔۔۔ اُس کا نام عجیب مشیر ہو گا۔''

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

# روزمرہ کے فرائض

منجاب میری بیکر ایڈی

## روزمرہ کی دعا

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ ہر روز یہ دعا کرے: ''تیری بادشاہی آئے؛'' الٰہی حق، زندگی اور محبت کی سلطنت مجھ میں قائم ہو، اور سب گناہ مجھ سے خارج ہو جائیں؛ اور تیرا کلام سب انسانوں کی محبت کو وافر کرے، اور اُن پر حکومت کرے۔

چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 4۔

## مقاصد اور اعمال کا ایک اصول

نہ کوئی مخالفت نہ ہی کوئی محض ذاتی وابستگی مادری چرچ کے کسی رکن کے مقاصد یا اعمال پر اثر انداز ہونے چاہئیں۔ سائنس میں، صرف الٰہی محبت حکومت کرتی ہے، اور ایک مسیحی سائنسدان گناہ کو رد کرنے سے، حقیقی بھائی چارے، خیرات پسندی اور معافی سے محبت کی شیریں آسائشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ اس چرچ کے تمام اراکین کو سب گناہوں سے، غلط قسم کی پیشن گوئیوں، منصفیوں، مذمتوں، اصلاحوں، غلط تاثرات کو لینے اور غلط متاثر ہونے سے آزاد رہنے کے لئے روزانہ خیال رکھنا چاہئے اور دعا کرنی چاہئے۔

چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 1۔

## فرض کے لئے چوکسی

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر روز جارحانہ ذہنی آراء کے خلاف خود کو تیار رکھے، اور خدا اور اپنے قائد اور انسانوں کے لئے اپنے فرائض کو نہ کبھی بھولے اور نہ کبھی نظر انداز کرے۔ اس کے کاموں کے باعث اس کا انصاف ہو گا، وہ بے قصور یا قصوار ہو گا۔

چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 6۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔